DAR-UL-IFTA IMDAD-UL-ULOOM
Shadan Lund, Dera Ghazi Khan, Punjab,
Islamic Republic of Pakistan.

دارالافتاء امداد العلوم
شادن لُنڈ، ڈیرہ غازی خان، پنجاب،
اسلامی جمہوریہ پاکستان۔

فتوی نمبر 128
ج 1

بسم اللہ الرحمن الرحیم

محترم جناب مفتی صاحب!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ای، ایف، یو لائف [E.F.U] کمپنی کے "حمایہ تکافل" پروگرام کا شرعی حکم

ہمیں آپ سے ای ایف یو کمپنی کے حمایہ تکافل کے متعلق شرعی حکم مطلوب ہے۔ ای ایف یو نے فیملی تکافل کی مصنوعات "حمایہ" کے نام سے متعارف کرائی ہیں، کمپنی کے مطابق انکی فیملی تکافل کی مصنوعات وقف اور وکالت کی بنیاد پر ہیں اور اسکی سرمایہ کاری بھی شرعی اصولوں کے مطابق کی جاتی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ ای ایف یو حمایہ تکافل کے شرعی مشیر مفتی محمد ابراہیم عیسیٰ صاحب ہیں جو دارالعلوم کورنگی کراچی کے فارغ التحصیل اور متخصص ہیں اور سن ۲۰۰۶ء سے دارالافتاء جامعہ دارالعلوم کراچی میں افتاء کی خدمات انجام دے رہے ہیں، کمپنی کی طرف سے مہیا کردہ مفتی محمد ابراہیم عیسیٰ صاحب کا مختصر تعارف منسلک ہے۔ مفتی صاحب مذکور نے ای ایف یو حمایہ تکافل کے شرعی نظام کا جائزہ لیا ہے اور اسکے جواز کا فتویٰ دیا ہے، انکا فتویٰ بھی منسلک کیا جارہا ہے۔ ہمارا سوال یہ ہے کہ کیا ای ایف یو حمایہ تکافل سے فیملی تکافل کی پالیسی لینا جائز ہے؟

128/1

المستفتی

محمد عبدالحنان، گلشن اقبال کراچی

الجواب باسم ملہم الصواب

ای، ایف، یو لائف کمپنی کے "حمایہ فیملی تکافل" پروگرام سے متعلق سوال اور اس کے ساتھ منسلک ڈاکومنٹس کا بغور مطالعہ کیا گیا، اس پروگرام کے شرعی مشیر مفتی ابراہیم عیسیٰ صاحب سے زبانی

(جاری ....)

0333-2088244 : 0333-6477238
Email: imdadfatwa@gmail.com

دارالافتاء امدادالعلوم سے جاری ہونے والا ہر فتوی درج کیے گئے سوال کے مطابق دیا جاتا ہے، اگر سوال حقیقت پر مبنی نہ ہو تو یہ فتوی کالعدم سمجھا جائے گا۔

DAR-UL-IFTA IMDAD-UL-ULOOM
Shadan Lund, Dera Ghazi Khan, Punjab,
Islamic Republic of Pakistan.

دارالافتاءامدادالعلوم
شادن لنڈ، ڈیرہ غازی خان، پنجاب،
اسلامی جمہوریہ پاکستان۔

معلومات بھی حاصل کی گئیں، مفتی صاحب ۲۰۰۶ء سے دارالافتاء جامعہ دارالعلوم کورنگی کراچی میں افتاء کی خدمات سرانجام دے رہے ہیں اور جدید معاملات اسلامک بینکنگ اور تکافل میں کافی تجربہ رکھتے ہیں۔

ان کی نگرانی میں "حمایہ فیملی تکافل" کا نظام وقف اور وکالت کو بنیاد بنا کر شرعی اصولوں کے مطابق تیار کیا گیا ہے اور عملی طور پر بھی وہ اس کی نگرانی کر رہے ہیں، اس لیے ای، ایف، یو لائف کے اس مخصوص پروگرام (حمایہ فیملی تکافل) میں شامل ہونا اور پالیسی لینا شرعاً جائز ہے-----------

---------والله سبحانہ وتعالیٰ اعلم بالصواب

سمیع اللہ عفااللہ عنہ

دارالافتاءامدادالعلوم، شادن لنڈ، ڈیرہ غازی خان

۱۸\۷\۱۴۳۷ھ بمطابق 26-04-2016ء

الجواب صحیح
محمد [signature]
۲۰/۷/۳۷ھ
28-04-2016

الجواب صحیح
محمد حنیف
دارالافتاء امدادالعلوم،
شادن لنڈ، ڈیرہ غازی خان
۲۰/۷/۱۴۳۷ھ
28-04-2016

128/1
۲۰/۷/۳۷ھ

نوٹ: سوال کے ساتھ بھیجے گئے کاغذات بھی جواب کے ساتھ منسلک ہیں۔